web: www.dailypearlview.com

ABC CERTIFIED

Daily PEARL VIEW

Member AKNS

Rawalakot

ایڈیٹر انچیف: شفقت ضیاء

روزنامہ

پرل ویو

راولاکوٹ

Email: dailypearlview@gmail.com

جلد:10	منگل 27 اگست 2024ء، 21 صفر 1446ھ، 14 بادروں 2081 ب	صفحات 04 قیمت 20 روپے	شمارہ:180

راولاکوٹ: رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف، شعبہ فزکس کے اساتذہ کے ہمراہ پاکستانی جامعات کے پروفیسرز کا گروپ فوٹو

پاکستانی جامعات کے پروفیسرز کا جامعہ پونچھ، فزکس کا دورہ

وفد کی رجسٹرار ڈاکٹر عبدالرؤف اور دیگر فیکلٹی ممبران سے ملاقاتیں، بریفنگ دی گئی

راولاکوٹ (پرل نیوز) پاکستان کی مختلف جامعات کے شعبہ فزکس کے پروفیسرز پر مشتمل وفد نے جامعہ پونچھ کے شعبہ فزکس کا دورہ کیا۔ وفد میں این ای ڈی یونیورسٹی آف انجینئرنگ اینڈ ٹیکنالوجی

(بقیہ 28 صفحہ 03

کراچی سے ڈاکٹر فیاض حسین، گورنمنٹ کالج یونیورسٹی فیصل آباد سے ڈاکٹر عدنان علی، نیشنل انسٹیٹیوٹ آف لیزر اینڈ اپٹکس (نیلوپ) اسلام آباد سے ڈاکٹر عطاء اللہ شاہ ،عبدالولی خان یونیورسٹی" مردان سے میاں کاشف سفین اور دیگر اداروں کے پروفیسرز شامل تھے وفد نے جامعہ پونچھ شعبہ فزکس کے سیمینار میں " مادے سے توانائی کے حصول" پر سیمینار میں تحقیقی طریقہ کار پر روشنی ڈالی جبکہ شعبہ کے مختلف شعبوں، لیبارٹریز سمیت جامعہ کے تو تعمیر شدہ اور زیر تعمیر انفراسٹرکچر کا بھی جائزہ لیا۔وفد نے ڈین فیکلٹی آف بیسک سائنسز و رجسٹرار پروفیسر ڈاکٹر عبدالرؤف، چیئرمین شعبہ فزکس ڈاکٹر میاں عاکف سفین سمیت دیگر فیکلٹی ممبران سے بھی ملاقاتیں کیں۔اس موقع پر ڈاکٹر عاکف سفین نے شعبہ فزکس سے متعلق وفد کو بریفنگ دی۔وفد نے کہا کہ جامعہ پونچھ کا انفراسٹرکچر بہت معیاری جبکہ طلبہ کیلئے تحقیقی اور تدریسی ماحول انتہائی سازگار ہے۔یہاں طلبہ کو وہ تمام سہولیات میسر ہیں جو ایک معیاری ادارے کی پہچان ہوتی ہیں۔اس موقع پر رجسٹرار عبدالرؤف خان نے کہا کہ جامعہ پونچھ کے میگا پراجیکٹس میں فیز ون کا کام تکمیلی مراحل میں ہے۔فیز ون کے تکمیل شدہ حصے میں کلاسز منتقل کی جا چکیں ہیں، بقیہ کام جلد مکمل ہو جائے گا جبکہ فیز 2 پر کام تیز رفتاری کیساتھ جاری ہے جو جلد مکمل کر لیا جائے گا۔انھوں نے کہا کہ وائس چانسلر ڈاکٹر ذکریا ذاکر کے دور انئے میں جامعہ پونچھ نے بڑی کامیابیاں حاصل کی ہیں۔سپورٹس گراونڈز کی تعمیر، رینکنگ میں نمایاں پوزیشن کیساتھ ہم نے متعدد نئے پروگرام بھی شروع کئے ہیں۔وفد کے ارکان نے یقین دلایا کہ جامعہ پونچھ کے طلبہ تحقیق کیلئے ہماری سہولیات سے استفادہ کر سکتے ہیں جبکہ ہم ان کی ہر ممکن معاونت کرینگے۔ڈاکٹر عاکف سفین نے دورہ کرنے پر وفد کے ارکان کا شکریہ ادا کیا